حوالوں کے ساتھ اس مسئلہ کو تشریح و تفصیل سے تحریر کیا اور منضبط کیا گیا ہے۔ قبروں پر مروجہ بدعات اور غیر شرعی طریقہ سے ان تعظیم و تکریم کی بدلائل تردید کی گئی ہے اور قرآن وحدیث، فقہ و اصول، اقوال ائمہ خصوصاً فقہ حنفیہ، امام ابوحنیفہؒ اور دیگر عظام علماء احناف کے نقطہ نظر کی بھی وضاحت کی گئی ہے کہ یہ سب بزرگ مروجہ غیر شرعی طریقہ زیارتِ قبور کو بدعت اور گناہ سمجھتے تھے۔

موجودہ دور میں جبکہ ایک فرقہ نے مقابر کو ہی اپنا قبلۂ حاجات، ذریعۂ نجات، حل المشکلات، مسجود و مطلوب، ملجا و ماوٰی اور منزلِ مقصود سمجھ لیا ہے اور قبروں پر عرس و طواف، چلہ کشی، استخارہ اور دیگر خرافات کو دین کا حصہ بنا لیا ہے۔ فاضل مصنف لائق صد مبارکباد ہیں کہ انہوں نے اس تیرہ و تاریک فضا میں کلمۂ حق اور نعرۂ مستانہ بلند کیا، یہ دلیرانہ اقدام ان کا قلمی جہاد ہے۔ اللہ تعالیٰ مصنف موصوف کو مزید ہمت اور توفیق بخشے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دینِ حقہ کی خدمت کر سکیں۔

قارئین کرام کو چاہیے کہ کتاب خرید کر مصنف کی حوصلہ افزائی اور اپنے علم و مطالعہ میں اضافہ فرمائیں۔

(عبد العظیم انصاری)

۲

عالمِ برزخ

مولانا عبدالرحمٰن عاجزؔ ہماری جماعت کے بڑے صاحبدل بزرگ ہیں، خداوندِ عالم نے انہیں دلِ دردمند کے ساتھ ساتھ حسنِ بیان اور حسنِ کلام کی نعمت سے بھی نوازا ہے اور پھر اس پر مستزاد کہ انہوں نے اپنے حسنِ بیان اور حسنِ کلام کو خالصتہً دین کی خدمت میں صرف کیا ہے اور خاص طور سے فکرِ آخرت ان کی نظم و نثر کا موضوع ہے چنانچہ "عالمِ برزخ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، اس میں عاجزؔ صاحب نے بڑی خوبصورتی کے ساتھ احوالِ برزخ کو بیان کیا ہے، اسی سلسلہ میں انہوں نے قرآنِ پاک، احادیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مختلف لوگوں کے احوال و واردات کو اپنی کتاب کی زینت بنایا ہے۔ جابجا موضوع سے متعلق اپنے اشعار سے بھی اپنی تحریر کو پُر اثر اور دل نشین بنانے کی کوشش کی ہے اور ان کی ساری کوشش و کاوش کا مرکز یہ ہے کہ لوگ اسی دُنیا میں رہتے ہوتے آنے والی زندگی کے لیے بھی کچھ توشہ زاد مہیا کر رکھیں

کا اس کے لغ ال کا ... ط ا سے گھ ... ط ... سکے گا